## حق پرست پینل نے سٹی کونسل کے اجلاس میں غیر مناسب رویہ اختیار کرنے پر
## حق پرست یوسی ناظم سلمان مجاہد کو ایک ماہ کیلئے معطل کر دیا۔حق پرست پینل کے اجلاس میں فیصلہ
## سٹی کونسل میں افسوسناک واقعہ کی ابتداء اپوزیشن کی طرف سے کی گئی تاہم حق پرست پینل نے بعض
## حق پرست اراکین کے جوابی ردعمل کا فوری نوٹس لیا ہے
## امید ہے کہ اپوزیشن بھی اسی مثبت طرز عمل کا مظاہرہ کریگی تاکہ سب مل کر شہر اور عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے کام کریں

کراچی۔۔۔28،اپریل 2007ء

کراچی سٹی گورنمنٹ کے حق پرست پینل کا ایک اجلاس ہوا جس میں سٹی کونسل کے حالیہ اجلاس میں ہونے والے ناخوشگوار واقعہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں بعض ارکان کی جانب سے سٹی کونسل کے اجلاس میں غیر مناسب رویہ اختیار کرنے پر سخت افسوس کا اظہار کیا گیا۔حق پرست پینل نے سٹی کونسل کے اجلاس میں نہایت غیر مناسب رویہ اختیار کرنے پر یوسی 8 رشید آباد کے حق پرست یوسی ناظم سلمان مجاہد کو ایک ماہ کیلئے ان کی ذمہ داری سے معطل کر دیا ہے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ سٹی کونسل کے اجلاس کے دوران اپوزیشن کے بعض ارکان نے بلاوجہ اشتعال انگیزی کر کے صورتحال کو بگاڑا اور سٹی نائب ناظمہ کے ساتھ نہایت غیر مناسب طرز عمل کا مظاہرہ کیا جس پر بعض حق پرست اراکین کونسل نے اشتعال میں آکر جواباً نامناسب طرز عمل اختیار کیا حالانکہ ان حق پرست اراکین کو صبر و تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہیے تھا۔اجلاس میں کہا گیا کہ اگرچہ سٹی کونسل میں ہونے والے افسوسناک واقعہ کی ابتداء اپوزیشن کی طرف سے کی گئی تاہم حق پرست پینل نے بعض حق پرست اراکین کے جوابی ردعمل کا فوری نوٹس لیا ہے اور اس پر کارروائی بھی کی ہے۔اجلاس میں امید ظاہر کی گئی کہ اپوزیشن بھی اس سلسلہ میں اسی حوصلہ اور جمہوریت پسندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کونسل کے ماحول اور تقدس کو بگاڑنے والے اپنے ان اراکین کے خلاف بھی ایکشن لے گی جنہوں نے اس واقعہ کی ابتداء کی۔اجلاس نے سٹی نائب ناظمہ سے اپیل کی کہ وہ اس افسوسناک واقعہ کی تحقیقات کیلئے حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے اراکین پر مشتمل کمیٹی قائم کریں۔حق پرست پینل کے اراکین نے امید ظاہر کی کہ اپوزیشن بھی اس ضمن میں اسی مثبت طرز عمل کا مظاہرہ کرے گی تاکہ سب مل کر شہر اور عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے کام کریں۔

## پاکستان ورکرز پارٹی کے سابق مرکزی پریس سیکریٹری جلال الدین زیرک کاکڑ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔28،اپریل 2007ء

پاکستان ورکرز پارٹی کے سابق مرکزی پریس سیکریٹری جلال الدین زیرک نے غریب و متوسط طبقہ کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مخلصانہ جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی سے ملاقات میں کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم صوبہ بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔جلال الدین زیرک کاکڑ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور سردارانہ نظام کے باعث مظلوم عوام اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ اسی فرسودہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کر رہی ہے اور ایم کیو ایم ہی واحد جماعت ہے جس نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایوانوں میں بھیجا اور وہی ملک میں عوام کی حکمرانی قائم کر سکتی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے جلال الدین زیرک کاکڑ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی اسلم بھوتانی کے بھائی کے انتقال پر ایم کیو ایم بلوچستان کا اظہار تعزیت
## مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیو ایم کے صوبائی دفتر میں فاتحہ خوانی کی گئی

کوئٹہ۔۔۔28،اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے بلوچستان اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر اسلم بھوتانی اور سابق صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی کے بڑے بھائی میر محمد ابراہیم بھوتانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی دفتر میں میر محمد ابراہیم بھوتانی کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کے بلند درجات کیلئے دعا کی گئی۔

## لانڈھی ٹاؤن ہڈی مل کی راجپوت فاؤنڈیشن کے عہدیداران اور برادری کے کثیر افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## ایم کیو ایم کے رابطہ آفس کا افتتاح، کارنر میٹنگ سے رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کا خطاب

کراچی۔۔۔28،اپریل 2007ء

لانڈھی ٹاؤن یوسی 3 ہڈی مل حیدرآباد کے راجپوت فاؤنڈیشن کے عہدیداروں اور برادری کے کئی افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت علاقے میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں کیا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔اس موقع پر اشفاق منگی نے علاقے میں ایم کیو ایم کے رابطہ آفس کا افتتاح بھی کیا۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے اشفاق منگی نے کہا کہ متحدہ

قومی موومنٹ میں تمام قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شمولیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی سچائی کا کھلا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ اب تمام قومیتوں کے افراد پر جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی سچائی واضح ہوچکی ہے اس لئے سب قومیتوں کے افراد نے جناب الطاف حسین کو اپنا رہنما تسلیم کرلیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد غریب عوام کے حقوق کا حصول ہے اور یہ جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ملک بھر کے 98 فیصد عوام کو ان کے حقوق میسر نہیں آجاتے ۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے راجپوت فاؤنڈیشن کے عہدیداروں اور برادری کے دیگر افراد کو دلی مبارکباد پیش کیا اور ان کی ایم کیوایم میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا۔

## گھوارہ ءادب کے تحت چوتھا ’’پاک ہنددوستی‘‘ مشاعرہ پیر کو انو بھائی پارک ناظم آباد میں ہوگا
## پاکستان اور بھارت کے معروف شعراء کرام اپنا کلام پیش کریں گے

کراچی۔۔۔28،اپریل2007ء

گھوارہ ادب کے زیراہتمام چوتھا ’’پاک ہندوستی مشاعرہ‘‘ پیر30،اپریل کو9 بجے شب انو بھائی پارک ناظم آباد میں منعقد ہوگا جس میں پاکستان اور بھارت کے معروف شعراء کرام اپنا کلام پیش کریں گے۔ مشاعرے کی تشہیر کے سلسلے میں گوارہ ءادب کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں بینرز آویزاں کئے گئے ہیں جبکہ عوام وخواص کی جانب سے اس مشاعرے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا جارہا ہے۔دریں اثناء گھوارہ ءادب کے اراکین کا ایک اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں پاک ہندوستی مشاعرے کے انتظامات کا جائزہ لیا اور اسے حتمی شکل دی گئی۔واضح رہے کہ گھوارہ ءادب ادبی وثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے مثبت سوچ اور صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے مصروف عمل ہے اور سالہائے گزشتہ کی طرح اس سال بھی گھوارہ ءادب کے تحت ادبی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پاک ہندوستی مشاعرہ کا اہتمام کیا گیا ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ یو کے شعبہ خواتین کے زیراہتمام کل بروز اتوار لندن میں محفل میلاد منعقد کی جائے گی

لندن۔۔۔27 اپریل2007ء

جشن عید میلادالنبیؐ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ یو کے شعبہ خواتین کے زیراہتمام کل بروز اتوار لندن میں محفل میلاد منعقد کی جائے گی جس میں نبی کریمؐ کی شان میں گلہائے عقیدت پیش کیے جائیں گے اور سیرت النبیؐ پر روشنی ڈالی جائے گی۔محفل میلاد اتوار کو سہ پہر3 بجے لندن کے علاقے ایجویئر کے واٹلنگ کمیونٹی سینٹر واقع اورنج ہل روڈ،آف ڈینز بروک روڈ،ایجویئر مڈل سیکس میں منعقد ہوگی۔دریں اثناء ایم کیوایم یو کے شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر اور آرگنائزنگ کمیٹی کی اراکین نے تمام خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ محفل میلاد میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں،پابندی وقت کا خاص خیال رکھیں اور مزید معلومات کیلئے ایم کیوایم شعبہ خواتین کے فون نمبر 020 89057300 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆